پھیپھڑوں کے نوڈیول (گچھہ) کو سمجھنا:
مریض کے لیے وضاحت

ہم جانتے ہیں کہ آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کے پھیپھڑوں میں ایک نوڈیول (گچھہ) ہے جو الجھن کا سبب بن سکتا ہے اور ممکن ہے کہ آپ کے کوئی سوالات ہوں۔ یہ برگچہ یہ بتانے کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ پھیپھڑوں میں نوڈیول ہونے کا کیا مطلب ہے، اور آپ کو یقین دلانے کے لیے کہ آپ کیا توقع کر سکتے ہیں۔

آپ کو میرے پھیپھڑوں میں نوڈیول کیسے ملا؟

یہ بہت عام ہے کہ اگر آپ کو پھیپھڑوں یا سانس سے متعلق علامات ہیں، تو ڈاکٹر آپ کو چھاتی کا ایکس رے یا سی ٹی اسکین کروانے کا کہہ سکتا ہے تاکہ آپ کے پھیپھڑوں کی تصاویر لی جائیں۔

دیگر صورتوں میں، اسکین کسی اور وجہ سے کروایا جا سکتا ہے (مثلاً آپ کے دل یا گردوں کا جائزہ لینے کے لیے)۔ اگر ایسا ہو، تو اسکین میں پھیپھڑوں کے کوئی بھی دیکھے جانے والے حصے دوبارہ ڈاکٹر کی جانب سے بھی معائنہ کیے جائیں گے۔

بعض اوقات پھیپھڑے میں نوڈیول کو 'پلمونری' نوڈیول بھی کہا جاتا ہے اور دونوں جملوں کا مطلب ایک ہی چیز ہے۔

میرے پھیپھڑے میں نوڈیول کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

نوڈیول بہت سی مختلف وجوہات کے سبب ہو سکتا ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتی ہیں:

- ایک چھوٹی جگہ جہاں انفیکشن ہو
- زخم بھرنے کے بعد باقی رہ جانے والے نشان
- پھیپھڑے کے اندر معمول کا گلینڈ
- سابقہ سل (ٹی بی)

بعض کم تعداد معاملات میں، وہ پھیپھڑے میں ابتدائی کینسر کی پہلی علامات ہو سکتی ہیں۔ اگر یہ صورت ہو تو انہیں ابتدا میں ہی ڈھونڈ لینا زیادہ بہتر علاج کے قابل بناتا ہے۔

'پھیپھڑوں میں نوڈیول' کا کیا مطلب ہے؟

چھاتی کے ایکسرے یا سی ٹی اسکین میں پھیپھڑوں میں نوڈیول ظاہر ہونا عام ہے۔ جملہ 'پھیپھڑے میں نوڈیول' پھیپھڑے میں ایک چھوٹی، زیادہ گہری جگہ کے بارے میں بتاتا ہے جو تصویر میں ظاہر ہوتا ہے۔

عمومی خصوصیات:

- اکثر چھوٹے، پیمائش میں 30mm کی چوڑائی سے کم ہوتے ہیں
- کوئی علامات نہیں ہوتیں، اور
- پھیپھڑوں کے فعل کو متاثر نہیں کرتا یا سانس لینے کے عمل میں رکاوٹ پیدا نہیں کرتا۔

آپ کا ڈاکٹر یا ماہر نرس سمجھنے میں مدد کے لیے کہ ہم کیا دیکھ رہے ہیں، آپ کو آپ کا اسکین دکھا سکتے ہیں۔ چھاتی کے سی ٹی اسکین کی تصویر میں (نیچے)، سیاہ رنگ میں جگہیں پھیپھڑے ہیں اور پھیپھڑوں کا نوڈیول سفید رنگ کے دھبے کے طور پر پھیپھڑے کے اندر نظر آتا ہے۔

پھیپھڑے میں نوڈیول کا ہونا کتنا عام ہے؟

35% افراد جن کا پھیپھڑوں کا سی ٹی اسکین ہوتا ہے ان میں نوڈیول موجود ہو گا۔

بعض اوقات پھیپھڑوں میں ایک سے زائد نوڈیول ملنا ممکن ہے۔ ضروری نہیں کہ یہ واحد نوڈیول ہونے کی نسبت زیادہ سنگین ہو۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے، اگرچہ، عام طور پر کسی نوڈیول کا پھیپھڑے کے ابتدائی کینسر ہونے کا خطرہ کم ہے۔

آپ کا ڈاکٹر یا ماہر نرس آپ سے انفرادی خطرے کے متعلق گفتگو کریں گے اور اگر آپ کے کوئی سوال ہوں تو آپ ہمیشہ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔ ہم نے اکثر پوچھے جانے والے سوالات بھی تیار کیے ہیں اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں۔

آپ اور آپ کے خاندان کے لیے معاونت

اگر آپ کے اسکین میں پھیپھڑے کا نوڈیول ظاہر ہوتا ہے، ایک ملٹی ڈسپلنری ٹیم (MDT) مل کر کام کرتی ہے آپ کی نگہداشت کرتی ہے۔ کنسلٹنٹ تنفس کے ڈاکٹر، سرجن اور ماہر زیر تربیت ڈاکٹر، ایک کنسلٹنٹ ریڈیالوجسٹ، ماہر نرسیں، اور ایم ڈی ٹی کوآرڈینیٹرز ٹیم میں شامل ہو سکتے ہیں۔

آپ کے اسکین کے نتائج اور اگلے مراحل کے بارے میں گفتگو کرنے کے لیے مقررہ ملاقاتیں عام طور پر سانس کے ڈاکٹر یا ماہر نرس کے ساتھ مقرر ہوں گی۔

یہ ملاقاتیں روبرو، فون پر، ویڈیو کلینکس یا خطوط کے ذریعہ ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ کو پریشانی یا تشویش ہے، خاص طور پر ملاقاتوں کے درماین، تو یہ اہم ہے کہ ان سے اس کے متعلق بات کریں۔



خلاصہ

پھیپھڑوں کے نوڈیول عام ہوتے ہیں، اور آپ کی ٹیم آپ کی مدد کے لیے اور آپ کے ساتھ کام کرنے اور آپ کے کسی قسم کے سوالات کا جواب دینے کے لیے موجود ہے۔ اگر آپ مزید کچھ جاننا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہماری ویب سائٹ پر موجود ویڈیو اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔

جب آپ میرے اسکین کا جائزہ لیتے ہیں تو آپ کیا تلاش کرتے ہیں؟

ڈاکٹر اور ماہر نرس نوڈیول کے سائز اور اس کی ظاہری شکل کی خصوصیات کو دیکھتے ہیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد کے لیے کہ کس نوڈیول کو پیروی یا تشخیص کی ضرورت ہے۔

تمام اقسام کے نوڈیول کو مزید پیروی درکار نہیں ہوتی۔ ہم قومی رہنما ہدایات استعمال کرتے ہیں جنہیں ہزاروں افراد کے اسکین اور ان کے نتائج سے کلینکل مطالعہ جات کے ذریعہ ثابت کرنے کے بعد تحریر کیا گیا ہے۔

یہ رہنما ہدایات اور بیان کردہ خصوصیات ہمیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد دیتی ہیں کہ ہر نوڈیول کی قسم میں آگے کیا کرنا ہے، اور ان کا انتخاب کرتے ہیں جس کا فالو اپ کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

مزید ہم بہت سے دیگر عوامل کو بھی مدنظر رکھتے ہیں جیسے آپ کی عمر اور دیگر میڈیکل ہسٹری۔

میرے پھیپھڑے کے نوڈیول کا کیسے فالو اپ کیا جائے گا؟

ہمیشہ یہ ممکن نہیں ہوتا کہ پہلے ہی اسکین میں معلوم ہو سکے کہ نوڈیول کس چیز کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان صورتوں میں، ہم آپ کو ایک یا زائد اسکین کی پیشکش کر سکتے ہیں، یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا وقت گزرنے پر نوڈیول تبدیل ہوتا ہے یا ویسا ہی رہتا ہے۔

زیادہ تر پھیپھڑے کے نوڈیول اسی سائز میں ہی رہتے ہیں، چھوٹے ہو جاتے ہیں یا پھر غائب ہو جاتے ہیں۔ اگر کئی اسکین کرنے کے بعد نوڈیول سائز میں بڑھا نہیں ہے، تو مزید فالو اپ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ زیادہ تر پھیپھڑے کے نوڈیول بدلتے نہیں ہیں۔

اسکین کے دہرائے جانے اور نتائج کا جائزہ لینے کے عمل کو بعض اوقات 'نوڈیول سرویلنس' یا 'فعال نگرانی' کہا جاتا ہے۔

کیا ہوتا ہے اگر میرا ڈاکٹر یا ماہر نرس مجھے کہیں کہ میرے دیگر ٹیسٹ درکار ہیں؟

بہت معمولی تعداد میں افراد کو سی ٹی اسکین کے بعد مزید ماہرانہ ٹیسٹ کا کہا جا سکتا ہے۔

یہ اس لیے ہے کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ معمولی تعداد میں نوڈیول ایسے ہوتے ہیں جو پھیپھڑے کے ابتدائی کینسر میں تبدیل ہو سکتے ہیں، اور اس لیے ایسے نوڈیول کا فالو اپ کرنا اہم ہے۔

اگر نوڈیول کینسر سے متاثرہ ہے، تو ہمارا مقصد اس کی جلد تشخیص کرنا ہے تاکہ ہم علاج کے زیادہ اختیارات پیش کرنے کے قابل ہوں اور اگر ممکن ہو تو شفا بخش علاج مقصود ہے۔

RM Partners

یہ بروشر RM Partners،
the West London Cancer Alliance hosted by The Royal Marsden،
کے تعاون سے مرتب و پیش کیا گیا ہے۔